دیکھیے اور مرنجاں مرنج عالم ہیں۔ انھوں نے کئی کتابیں تصنیف کیں اور متعدد عربی کتابوں کو اردو میں منتقل کیا۔ عربی اور اردو دونوں زبانوں میں انھیں عبور حاصل ہے اور جس مترجم اور مصنف میں یہ خوبی پائی جائے، وہ اظہارِ مدعا میں کامیاب ہے، اور حریری صاحب اس صفت سے متصف ہیں۔

یہ کتاب اپنے موضوع میں نہایت اچھی کتاب ہے، اس میں قرآنِ مجید کے تمام محاسن جامعیت اور عمدگی کے ساتھ بیان کر دیے گئے ہیں، اس کا اسلوبِ بیان، فصاحت و بلاعت، لسانی خوبیاں، امم سابقہ کے واقعات، تنذیر و تبشیر، سرکش و متبرک لوگوں کا نفسیاتی تجزیہ، فرماں برداروں کا تذکرہ اور نہجِ کلام، پیغمبرانہ طریقِ دعوت، مال و متاعِ دنیا اور عقبیٰ و آخرت کے مناظر، غرض قرآن کا ہر پہلو اس کتاب کی زینت ہے۔

ترجمہ شگفتہ، سلیس اور عام فہم ہے۔ شستگی، روانی، ادبیت، سب خوبیاں اس میں پائی جاتی ہیں —— آغازِ کتاب میں فاضل مترجم نے اپنے مختصر حالاتِ زندگی بیان کیے ہیں جو دلچسپ بھی ہیں اور معلوماتی بھی۔! ان سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ کن کٹھن مراحل سے گزرتے ہوئے، اس مقام پر پہنچے ہیں جو اللہ نے انھیں عطا فرمایا ہے۔ ہم اپنے کرم فرماؤں سے توقع رکھتے ہیں کہ وہ اس کتاب کا مطالعہ کریں گے، یہ کتاب قرآنِ مجید سے متعلق ان کے معلومات میں یقیناً اضافے کا موجب ہوگی۔

مثنوی جمالِ محمدؐ

از : سید شمس الحق بخاری شمس

ناشر : ادارۂ اشاعتِ تفسیرِ صدیقی — ۲ یو، بی، ایل اپارٹمنٹس، کلفٹن، کراچی

بہترین کاغذ، شان دار کتابت، عمدہ طباعت، خوب صورت جلد

صفحات ۱۸۲ - قیمت درج نہیں -

حضورؐ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ بابرکات کے بارے میں جو کچھ بھی لکھا جائے ہے۔ خوش قسمت ہیں وہ حضرات جنھوں نے آپ کی سیرتِ طیبہ کو موضوعِ نگارش بنایا، آپ احوال و سوانح ضبطِ تحریر میں لائے اور اس مقدس ترین ہستی کے واقعات کو قلم بند کرنے کا عز نعتیں کہیں اور نظم و نثر میں آپ کے فضائل و مناقب بیان کیے۔ زیرِ تبصرہ کتاب اسی بلند تر